لاہوری ڈنگر ڈاکٹر کی
قرآنِ پاک میں لفظی تحریف

برادرانِ اسلام!

مبغضینِ آلِ رسول ﷺ اپنے مذہبی ومسلکی اختلافات بھلا کر ایک بار پھر بغضِ آلِ رسول ﷺ پر اتفاق کر بیٹھے ہیں۔ آئے دن ساداتِ کرام کے خلاف زہر اگلتے ہیں۔ بغضی ٹولہ آج کل "تحریفِ قرآن" کے عنوان سے ساداتِ کرام کے خلاف اپنے دل کی بھڑاس نکالتا دکھائی وسنائی دے رہا ہے۔

لیکن شاید بغضی ٹولہ یہ بات بھول چکا ہے کہ جس چیز کو تحریفِ قرآن کا نام دے کر اولاد رسول ﷺ کے خلاف اپنے بغض کا اظہار کیا جا رہا ہے ، اگر وہ واقعی تحریف ہے تو پھر فتوے سے نہ کوئی چھوٹا بچے گا نہ ہی بڑا۔

بقولِ شاعر: چراغ سب کے بجھیں گے ہوا کسی کی نہیں۔

یہ سلسلہ مبغضینِ آلِ رسول ﷺ نے شروع کیا ہے۔ لیکن ہم اس سلسلے کو آگے بڑھائیں گے۔ اور عوام کو بتائیں گے کہ – نام نہاد بریلویوں کے بنائے ہوئے اصول وضوابط کے تناظر میں – "اصلی محرفِ قرآن کون ہے؟"

اس قسط میں ہم گستاخِ جگر گوشۂ رسول اشرف آصف دجالی کی قرآنِ پاک میں تحریفِ لفظی کی نشاندہی کرنے جا رہے ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا ارشادِ گرامی ہے:

وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا

(سورہ آلِ عمران آیت ۱۱۹)

ہر حافظ بلکہ ناظرہ خواں بھی قرآنِ پاک کھول کر دیکھ سکتا ہے کہ اس آیہ مقدسہ میں ارشادِ ربانی :

وَإِذَا خَلَوْا

ہے۔ لیکن لاہوری ڈنگر ڈاکٹر اشرف دجالی نے قرآنِ پاک سامنے رکھ کر اس آیت کو یوں بدلا:

وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا دَخَلُوْا

یعنی : خَلَوْا کو دَخَلُوْا بنا دیا۔

جب لفظی تحریف کی تو معنوی تحریف از خود ہو گئی۔ اور پھر اس قرآنی آیت کو بدل کر اس کی ویڈیو ریکارڈ کر کے اسے دنیا بھر میں پھیلا دیا۔

قارئینِ کرام!

اشرف دجالی کی جانب سے ہونے والی قرآنِ پاک کی اس تحریفِ لفظی کو ایک سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ لیکن :

- نہ تو اشرف دجالی نے اس سے توبہ کی۔
- نہ ہی نام نہاد بریلویوں میں سے کسی نے اشرف دجالی کی اس تحریفِ قرآنی کی وجہ سے اس پہ کوئی فتوی لگایا۔

ہم نام نہاد بریلویوں سے پوچھنا چاہیں گے کہ:

❖ اشرف دجالی – تمہارے بنائے ہوئے اصولوں کے مطابق – قرآنِ پاک میں لفظی تحریف کی وجہ سے کافر ومرتد قرار پاتا ہے یا نہیں؟
اور پھر وہ اکیلا ہی کیوں؟

❖ وہ تمام علماء، جن میں پاک وہند کے چھوٹے بڑے حامیوں کے ساتھ ساتھ دعوتِ اسلامی کا پورا نظم بھی شامل ہے۔ یہ سب لوگ اشرف دجالی کے حمایتی ہونے کی وجہ سے :
"مَنْ شَکَّ فِیْ کُفْرِہٖ وَعَذَابِہٖ فَقَدْ کَفَرَ" کی زد میں آئیں گے یا نہیں؟
فتوے سارے تمہارے اپنے ہیں۔ ہم تو صرف ان کے نفاذ کا تقاضا کر رہے ہیں۔۔۔!!!

❖ یا سارے فتوے ساداتِ کرام کے لیے ہیں؟ اور تم لوگوں نے دین کا ٹھیکا اٹھا رکھا ہے۔ دین میں جو چاہو تبدیلی کرو، نہ تم پر نہ کوئی فتوی لگتا ہے اور نہ ہی تم کسی قاعدے وضابطے کے پابند ہو؟

از:
محمد چمن زمان نجم القادری

۲۸ محرم الحرام۱۴۴۵ھ / ۱۶ اگست ۲۰۲۳ء

اشرف دجالی کی قرآنِ پاک میں تحریفِ لفظی کو اس لنک پہ ملاحظہ کیا جا سکتا ہے:
https://youtu.be/kZ17miEsK7E